21860-پہلی بیوی کی شرط کہ اگر خاوند دوسری شادی کرے تو دوسری بیوی کو طلاق

سوال

ایک شخص نے شادی کی تو اس کے سسرال والوں نے یہ شرط رکھی کہ جس عورت سے بھی وہ شادی کرے گا اسے طلاق ہوگی، پھر خاوند نے دوسری شادی کرلی اب مذاہب اربعہ میں اس کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالی سے مندرجہ بالا سوال کیا گیا توان کا جواب تھا :

امام شافعی کے ہاں یہ شرط لازم نہیں، اورامام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی نے اسے لازم قرار دیا ہے کہ جب بھی خاوند شادی کرے کا طلاق واقع ہوجائے گی، اورجب بھی وہ کوئی لونڈی حاصل کرے گا وہ بھی آزاد ہوگی، اورامام مالک رحمہ اللہ تعالی کا مسلک بھی یہی ہے ۔

لیکن امام احمد رحمہ اللہ تعالی کے مسلک میں یہ طلاق واقع نہیں ہوگی اورنہ ہی لونڈی آزاد ہوگی، لیکن جب وہ شادی کرلے یا پھر لونڈی رکھے تو پہلی بیوی کو اختیار ہے چاہے وہ اس کے ساتھ رہے یا اپنے خاوند سے علیحدگی اختیار کرلے ۔

کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(وہ شرطیں سب سے زیادہ پورا کرنے کی حقدار ہیں جن سے تم شرمگاہ حلال کرتے ہو) ۔

اوراس لیے کہ ایک مرد نے عورت سے شادی اس شرط کی بنا پر کی کہ اس کی موجودگی میں دوسری شادی نہیں کرے گا، تو یہ معاملہ عمر رضی اللہ تعالی عنہ تک لے جایا گیا توانہوں نے فرمایا :

(شروط سے حقوق ختم ہوجاتے ہیں) ۔

تواس طرح اس مسئلہ میں تین اقوال ہوئے :

پہلا قول : اس سے طلاق ہوجائے گی ۔

دوسرا قول : اس سے طلاق نہیں ہوگی، اور بیوی کو علیحدگی کا حق حاصل نہیں ہوگا ۔

تیسرا قول : یہ قول سب سے زیادہ بہتر ہے، اس سے نہ تو طلاق ہوگی اورنہ ہی لونڈی آزاد ہوگی، لیکن بیوی نے جو شرط رکھی ہے اسے اس کا حق حاصل ہے اگر تو وہ چاہے تو خاوند کے ساتھ رہے اوراگر چاہے تو اس سے علیحدگی اختیار کرسکتی ہے ۔ یہ سب اقوال سے اوسط ہے ۔ .